## ایم کیوایم، پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کا انقلاب لانا چاہتی ہے،الطاف حسین

## پاکستان کی سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماءنسل درنسل حکمرانی کرتے چلے آرہے ہیں

## مجھے ذاتی یا خاندانی مفادات نہیں بلکہ پاکستان کی سلامتی وبقاءاورعوام کے اجتماعی مفادات عزیز ہیں

## پنجاب کے معروف حق پرست دانشوروں، کالم نگاروں، صحافیوں اوراینکر پرسن سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔18،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم فرسودہ جاگیردارانہ نظام اورموروثی سیاست کے خاتمہ کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہےاور پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کا انقلاب لانا چاہتی ہے۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے اتوار کے روز پنجاب کے معروف حق پرست دانشوروں، کالم نگاروں، صحافیوں اوراینکر پرسن سے ٹیلی فون پر گفتگوکرتے ہوئے کہی اور 25،اپریل کو پنجاب کے مختلف شہروں میں ایم کیوایم پنجاب کنونشن کے انعقاد کے سلسلے میں ان سے تبادلہ خیال بھی کیا۔ جناب الطاف حسین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ذاتی اور خاندانی مفادات کے بجائے عوام کے اجتماعی مفادات کی جدوجہد پر یقین رکھتی ہےاوریہی حق پرستانہ پیغام پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کےعوام میں پھیلانا چاہتی ہے تاکہ ملک سے موروثی سیاست کا خاتمہ ہواورغریب ومتوسط طبقہ کےعوام کوبھی حق حکمرانی میسرآسکے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماءنسل درنسل حکمرانی کرتے چلے آرہے ہیں اوران جماعتوں کے پڑھے لکھے غریب کارکنان انتخابات میں حصہ لینے کا تصورتک نہیں کرسکتے۔اس کے برعکس ایم کیوایم کے کارکنان وزیر، سینیٹراوراراکان قومی وصوبائی اسمبلی بنےلیکن الطاف حسین کے کسی بھائی ، بہن یادیگر رشتہ داروں نے عام انتخابات تو کجا کبھی کونسلر کا الیکشن تک نہیں لڑا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مجھے ذاتی یا خاندانی مفادات نہیں بلکہ پاکستان کی سلامتی وبقاء،عوام کی خوشحالی اورعوام کے اجتماعی مفادات عزیز ہیں یہی وجہ ہے کہ میں موروثی سیاست کے سخت خلاف ہوں اور میں نے حق پرستی کی اس جدوجہد میں اپنی زندگی وقف کررکھی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پنجاب سمیت ملک بھر کےعوام تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کوآزمانے کے باوجودآج بھی بنیادی مسائل کا شکار ہیں اگر پنجاب کےعوام نے ایم کیوایم کواپنی نمائندگی کا موقع دیا توانشاءاللہ ایم کیوایم انہیں کبھی مایوس نہیں کرے گی۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں حق پرست دانشوروں، کالم نگاروں، صحافیوں اوراینکر پرسن کی اکثریت ہےاور مجھے یقین ہے کہ وہ ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کے فروغ کیلئے اپنا بھرپورکرداراداکریں گے۔اس موقع پر پنجاب کے حق پرست دانشوروں، کالم نگاروں، صحافیوں اوراینکر پرسن نے پاکستان کی بقاء وسلامتی، جمہوریت کے فروغ اورعوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے دن رات انتھک محنت پر جناب الطاف حسین کوخراج تحسین پیش کرتے ہوئے یقین دلایا کہ وہ پاکستان کی ترقی وخوشحالی اورعوام کی فلاح وبہبود کیلئے ہرممکن جدوجہد کریں گے۔

☆☆☆☆☆